efu
LIFE

Soneri Bank
Roshan Har Qadam

ای ایف یو رہبر

کووڈ 19 ایشور

کووڈ19 کی عالمی وباء کے بحران نے دنیا کو غیر متوقع طور پر اپنی گرفت میں لے لیا ہے اور دنیا بھر میں اس سے لاکھوں لوگ متاثر ہوئے ہیں اور پاکستان کی حالت اس سے مختلف نہیں ہے۔ چنانچہ، سونیری بینک آپ کو پیش کرتا ہے ای ایف یو رہبر۔**کووڈ19 ایشور** سے تحفّظ کا ایک مکمل حفاظتی کَور ہے جو مثبت ٹیسٹ آنے کے صورت میں تشخیصی ٹیسٹ کی باز ادائیگی سے شروع ہوتا ہے اور بیماری کے باعث ہسپتال میں داخلے تک تحفظ فراہم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، خدانخواستہ اگر بیمہ شدہ فرد اس بیماری کے باعث انتقال کر جائے تو اہل خانہ کو منتخب شدہ کیٹگری کے اعتبار سے ایک یکمشت رقم فراہم کی جائے گی۔ یہ پلان، آپ کو، انفرادی اور خاندان کے تحفظ، دونوں نوعیّتوں کے لئے دستیاب ہے۔

اس پلان کی بیمہ کاری ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ نے کی ہے

پلان کے فوائد کیا ہیں؟

مختلف پلانز جو دستیاب ہیں:

اقسام	اصل تشخیص کے ٹیسٹ کا فائدہ	یومیہ ہسپتال فائدہ	ٹرم لائف فائدہ**	پریمیئم (3 مہینے)	
		روزانہ		انفرادی	خاندان
سلور	5,000*	5,000	125,000	3,000	12,500
گولڈ	5,000*	7,000	175,000	4,000	17,500
پلاٹینم	5,000*	10,000	250,000	5,500	25,000

تمام رقوم پاکستانی روپے میں ہیں

* 5000 روپے فی فرد (انفرادی تحفظ کی صورت میں)، زیادہ سے زیادہ 30000 روپے فی خاندان

** یہ فائدہ 18 سال سے زائد عمر کے ممبران کو قابل ادائیگی ہوگا

اہم معلومات:

کس عمر میں پلان کیلئے اپنا اندراج کروا سکتا ہوں؟

آپ 18 سال کی عمر سے پلان میں اندراج کروا سکتے ہیں جب تک کہ آپ 60 سال کے ہوں۔ (غیر شادی شدہ) بچوں کے لئے فیملی کَور کے تحت کم از کم 6 ماہ کی عمر کا اطلاق ہوتا ہے۔

اس پلان کے تحت کون سے واقعات کو تحفّظ حاصل ہے؟

یہ پلان تشخیصی ٹیسٹ (کووڈ19 کیلئے مثبت)، کووڈ19 کے باعث ہسپتال میں داخلے اور انتقال کی صورت میں تحفّظ فراہم کرتا ہے۔

یہ پلان مجھے کب تک تحفّظ میں رکھے گا؟

یہ ایک 3 مہینے کا پلان ہے جو آپ کو 3 مہینے کے دورانئے/مدّت کے لئے تحفّظ فراہم کرتا ہے۔

تحفّظ میں کون سی وجوہات شامل نہیں ہیں؟

استثنٰیات درج ذیل ہیں:

الف) پلان کی خریداری سے قبل موجود کووڈ 19 کی حالت

ب) پاکستان سے باہر ہونے والے دعوے

ج) انتظار کے دورانئے کے دوران پیدا ہونے والے دعوے

کیا کوئی اور بھی اہم تفصیلات ہیں جن سے مجھے آگاہ ہونے کی ضرورت ہے؟

یقیناً، آپ کو درج ذیل سے آگاہ ہونا چاہیے:

الف) اصل ٹیسٹ کی باز ادائیگی کا فائدہ 5,000 روپے فی فرد ہے (انفرادی تحفّظ کی صورت میں) جو فی خاندان زیادہ سے زیادہ 30,000 روپے ہے

ب) ٹرم لائف فائدہ 18 سال سے زائد عمر کے ممبران کو قابل ادائیگی ہوگا

ج) پینل ہسپتالوں کی کوئی پابندی نہیں

د) صرف پاکستان میں وفات اور ہسپتال میں داخلے کی صورت میں تحفّظ دستیاب ہے

ہ) انتظار کا دورانیہ: 14 دن

و) تحفّظ کی مدّت: 3 مہینے

ز) تحفّظ کا انتخاب: انفرادی اور خاندان

اگر میں پلان سے غیر مطمئن ہوں تو؟

اگر آپ پلان سے غیر مطمئن ہوں تو 7 دن کا ایک غور و فکر (free look) کا دورانیہ ہے جس میں آپ پلان منسوخ کر سکتے ہیں اور اپنا پریمیئم واپس لے سکتے ہیں۔ لیکن یاد رکھئے کہ غور و فکر (free look) کے دورانئے کے بعد بیمہ کار یا بینک پریمیئم کی واپسی کی کسی بھی درخواست پر عمل درآمد نہیں کرے گا البتہ پلان کسی بھی وقت منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

انتظار کے دورانئے سے کیا مراد ہے؟

انتظار کے دورانئے کو اخراج کی مدّت بھی کہا جاتا ہے، یہ وہ وقت ہے جس کے بعد پالیسی کا تحفّظ شروع ہوگا۔ ہم نے انتظار کا دورانیہ 14 دن رکھا ہے جس کے معنی ہیں کہ آپ کا تحفّظ آپ کی پالیسی کی خرید کے 14 دن بعد شروع ہوگا۔

دعویٰ کیسے کیا جائے؟

بینیفشری (فائدہ حاصل کرنے والا) براہ راست ای ایف یولائف سے (111-338-111) (111-EFU-111)، یا ہماری مخصوص کلیم ہیلپ لائن: 051-8466-463 یا claims@efulife.com پر رابطہ کرسکتا ہے یا یا دعویٰ درج کرانے کیلئے سونیری بینک کی ہیلپ لائن 021-111-766-374 پر بھی رابطہ کرسکتا ہے۔ ای ایف یولائف کا نمائندہ پھر دعوے دستاویز کی ضروریات اور دعوے پر عمل درآمد سے متعلق اگلے اقدامات کے لئے بینیفشری (فائدہ حاصل کرنے والے) کی رہنمائی کرے گا۔

دستبرداری

ای ایف یو رہبر – کووڈ 19 ایشور (pre-underwritten) پروڈکٹ ہے جو ای ایف یولائف کی مقرر کردہ شرائط وضوابط کے تحت جاری کی جاتی ہے، جس کا مرکزی دفتر پلاٹ نمبر 112، 8th ایسٹ اسٹریٹ، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، فیز I، کراچی، پاکستان 75500 پر واقع ہے۔ بینک ای ایف یولائف کی جانب سے پلان کیلئے ایک کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کے طور پر کام کررہا ہے۔ بینک آپ کی درخواست (درخواستوں) یا دعوے (دعووں) کے لئے کسی بھی طور ذمہ دار نہیں ہوگا۔